پاکستان
زرعی تحقیقاتی کونسل

DEPARTMENT OF AGRICULTURE EXTENSION
Khyber Pakhtunkhwa

CABI

گاجر بوُٹی (پارتھینیم)

Parthenium hysterophorus

اِسے جڑ سے
اُکھاڑ دو

پارتھینیم (گاجر بوُٹی) کیا ہے؟

گاجر بوُٹی ایک زہریلا پودا ہے جو کہ پاکستان میں پھیلتا جا رہا ہے۔ دیکھنے میں دوسری جڑی بوٹیوں سے یہ مختلف نظر نہیں آتا لیکن اس کو پہچاننا زیادہ اہمیت رکھتا ہے کیونکہ اس کے انسانوں، فصلات، جانوروں اور ماحول پر بہت زیادہ مضر اثرات ہیں۔ اس لئے اس کا جڑ سے اُکھاڑ کر خاتمہ کر دینا چاہیے۔ گاجر بوٹی موسم بہار اور گرمیوں میں اپریل سے نومبر تک تیزی سے پھیلتی ہے۔ اس کا قد ڈیڑھ میٹر تک ہو سکتا ہے اور اس کا ایک پودا دس ہزار سے زیادہ بیج پیدا کر سکتا ہے جو کہ دور دور تک پھیل جاتے ہیں۔


گاجر بوٹی کا اکیلا پودا

گاجر بوٹی کے پھول

گاجر بوٹی کا کھیت میں پھیلاؤ

اس کی پہچان کیسے کی جائے؟



ستارہ نما سفید رنگ کے پھول جو کہ واضع طور پر نظر آتے ہیں۔

اس کے تنے پر گہری دھاریاں ہوتی ہیں۔

ہلکے سے گہرے سبز رنگ کے پتے جن پر نازک سے بال ہوتے ہیں۔

گاجر بوٹی کے ساتھ ملتی جلتی دوسری جڑی بوٹیاں۔ مثال کے طور پر

آرٹی میزیا


بھنگ

علم برائے زندگی

پارتھینیم خطرناک ہے۔

فصلات کو نقصان سے بچائیں



گاجر بوٹی فصلات میں پھیل کر 40 فیصد سے زائد تک پیداوار میں نقصان کر سکتی ہے۔ یہ بوٹی جڑوں کے ذریعے ایک ایسا کیمیکل زمین میں چھوڑتی ہے جو دوسری فصلات کے بیج اُگنے نہیں دیتی مثلاً پھلی دار فصلات، بینگن، مرچ اور ٹماٹر وغیرہ۔

اپنی صحت کی حفاظت کریں

70 فیصد سے زیادہ لوگ جو اس جڑی بوٹی کے ساتھ کسی نہ کسی طرح سے وابستہ ہوتے ہیں ان کو دمہ، کھانسی، جلد کی بیماریاں، آنکھوں کی جلن، ناک کی سوزش جیسی بیماریاں لاحق ہو جاتی ہیں۔



اپنے جانوروں کی صحت کی حفاظت کریں

گاجر بوٹی جانوروں کے لئے بھی زہریلے اثرات رکھتی ہے۔ اس میں ایسے زہریلے مادے پائے جاتے ہیں جو جانوروں کے منہ اور پاؤں پر الرجی اور بھوک کو کم کر دیتے ہیں۔ یہ زہریلے مادے جانوروں کے دودھ اور گوشت کی کوالٹی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

گاجر بوٹی کو کیسے تلف کیا جائے

گاجر بوٹی پھیلنے سے روکیں

- تصدیق شدہ بیج استعمال کریں
- زرعی آلات، گاڑیوں اور دوسری مشینوں کو کھیت میں استعمال کرنے سے پہلے اور بعد میں ضرور دھوئیں۔
- پھلوں اور سبزیوں کی پیکنگ کرتے وقت اور جانوروں کی ترسیل کے وقت گاجر بوٹی کا استعمال نہ کریں۔
- پھولوں کے ایسے گلدستے جن میں گاجر بوٹی موجود ہو انہیں مت خریدیں۔



اپنی زمین کا مشاہدہ کریں

- گاجر بوٹی کے لئے ہفتہ وار اپنے ارد گرد مشاہدہ کریں۔ بیج کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے اس کے پودوں کو پھول نکلنے سے پہلے تلف کریں
- بارش کے بعد گاجر بوٹی خوب پھیلتی ہے اس لئے اس کے اگاؤ پر نظر رکھیں
- جیسے ہی آپ کو آپ کی زمین پر گاجر بوٹی نظر آئے، فوراً اس کا تدارک کریں



گاجر بوٹی کو جڑ سے اُکھاڑ دیں

- گاجر بوٹی کو دستانے اور چہرے پر ماسک پہن کر جڑ سے اُکھاڑ دیں
- بڑے پودوں کو کسی کے ذریعے تلف کریں اور جڑوں کو کھیت سے باہر دبا دیں تاکہ وہ دوبارہ نہ اُگ سکیں
- اُکھاڑے گئے پودے زمین میں دبا دیں تاکہ ہوا سے اُس کے بیج نہ پھیل سکیں
- اگر گاجر بوٹی بڑے علاقے میں پھیلی ہوئی ہو تو اس کو ختم کرنے کے لئے زرعی ادویات کا استعمال بھی کر سکتے ہیں



گاجر بوٹی کا کنٹرول

آپ درج ذیل ادویات استعمال سے گاجر بوٹی کو تلف کر سکتے ہیں:

- ایمی ٹرین + ایٹرازین (تجارتی نام ایٹرازین + ایمی ٹرین 80WP ٹارگٹ علی اکبر گروپ) 20 گرام فی لیٹر پانی میں
- ایٹرازین + ایس-میٹاکلور (تجارتی نام پرائم ایکسٹرا گولڈ SC 720) فصلات کے اُگنے سے پہلے۔ 10-15 ملی لیٹر فی لیٹر پانی میں۔
- حفاظتی کپڑوں کا استعمال کریں۔ لیبل پر دی ہوئی ہدایات پر عمل کریں خاص طور پر استعمال کرنے کا وقت اور وقفہ

اردگرد ماحول پر نظر رکھیں | فوری عمل کریں | ہاتھوں پر دستانے پہن کر جڑ سے اُکھاڑ دیں | مناسب کیمیائی زہریں محفوظ طریقہ سے استعمال کریں